# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 16 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶/جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ سیاسی استحکام کے باعث سرمایہ کاروں کے بھارت پر اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر اعظم کا اظہار خیال

☆ ایوت محل اور اہلیہ نگر اضلاع میں انسداد دہشت گردی اسکواڈ کے چھاپے۔ متعدد مشکوک افراد حراست میں

☆ کل ہند سرپنچ کونسل کا 20/فروری کو علامتی ہڑتال کا انتباہ

☆ مہا شیوراتری تہوار عقیدت کے ساتھ منایا گیا۔ اونڈھا میں چشم کشا لائٹ شو

اور۔۔۔☆ ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں پاکستان کو 61/رنوں سے شکست دے کر بھارت سوپر۔8 میں داخل

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیر اعظم نریندر مودی نے دعویٰ کیا ہے کہ ملک میں سیاسی استحکام کے باعث سرمایہ کاروں کا بھارت پر اعتماد مزید مضبوط ہوا ہے۔ وہ کل خبر رساں ادارے پی ٹی آئی سے بات چیت کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط پیداواری شعبے۔ خدمات شعبے۔ مائیکرو، چھوٹی اور درمیانی درجے کی صنعتوں کی فراہم کردہ بنیاد پر تجارتی معاہدوں میں بھارت قائدانہ کردار ادا کرنے کے موقف میں ہے۔ انہوں نے اپیل کی کہ تحقیقی ترقی۔ رسد زنجیر اور معیار میں بہتری لانے کے لیے خانگی شعبہ میں مزید سرمایہ کاری کرے۔

کمپیوٹنگ پاور اور ڈیٹا سینٹر انفرا اسٹرکچر میں توسیع کر کے ایک موثر مصنوعی ذہانت یعنی Artificial Intelligence ماحولیاتی نظام کی بنیاد رکھ دی گئی ہے۔ وزیر اعظم نے اعتماد ظاہر کیا ہے کہ ڈیٹا سینٹر کے باعث نوجوانوں کو بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔

***** ***** *****

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کے خلاف تحریک عدم اعتماد پر پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوسرے مرحلے میں بحث اور ووٹنگ کروائی جائے گی۔ پارلمانی امور کے وزیر کرین رججو نے کل اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے یہ اطلاع دی۔ انہوں نے بتایا کہ اجلاس کے اس دوسرے مرحلے میں چند ایک اہم بل مباحثے کے لیے پارلیمنٹ میں پیش کیئے جائیں گے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کل گجرات کے گاندھی نگر سینٹرل بینک ڈیجیٹل کرنسی یعنی CBDC پر مبنی عوامی نظام تقسیم کا افتتاح کیا۔ شاہ نے اعتماد ظاہر کیا کہ اس اقدام سے وزارت برائے امور صارفین۔ خوراک اور عوامی تقسیم کے نظام میں بدعنوانیوں کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سے غریبوں تک اجناس کی رسائی سہل ہو جائے گی۔

***** ***** *****

یونیورسٹی گرانٹ کمیشن نے کہا ہے کہ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں صنعتی ماہرین کی پروفیسر کی حیثیت سے تقرری میں مہاراشٹر ملک میں دوسرے نمبر پر ہے۔اس معاملے میں تامل ناڈو اور گجرات تیسرے نمبر پر ہے۔ ملک میں عارضی طور پر اس طرح کی ایک ہزار 841 تقرریاں ہوئیں ہیں۔جن میں تمل ناڈو میں 345 ؍مہاراشٹر میں 193 ؍ گجرات میں 179 ؍ اور کرناٹک میں 170 ؍ تقرریاں کی گئیں۔ تعلیمی اداروں اور صنعتی شعبے میں تال میل قائم کرنا اور طلباء کو ان پیشہ وارانہ صلاحیتیں پہچاننے میں مدد کرنا ان تقرریوں کا مقصد ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر انسداد دہشت گردی اسکواڈ نے کل ایوت محل اور اہلیہ نگر اضلاع میں 20 ؍ سے زائد چھاپے مار کر چند مشتبہ افراد کو حراست میں لیا ہے۔ ایوت محل کے پوسد اور عمر کھیڑ میں تلاشی کے دوران قابل اعتراض دستاویزات ۔موبائیل فون اور برقی آلات ضبط کئے گئے ہیں۔متعلقہ افسران نے بتایا کہ اس خصوص میں CCTV فوٹیج کی جانچ کی جارہی ہے۔مشتبہ افراد سے تفتیش جاری ہے لیکن ابھی تک کسی کو بھی باضابطہ طور پر گرفتار نہیں کیا گیا ہے۔اہلیہ نگر شہر کے مکند نگر علاقے میں عسکریت پسند کاروائیوں کی خفیہ اطلاعات پر متعدد مشکوک افراد کو حراست میں لیا گیا ہے۔

***** ***** *****

احمد آباد طیارہ حادثے سے متعلق غیر ملکی ذرائع ابلاغ کی جانب سے کئے گئے دعووں کی مرکزی شہری ہوابازی کے مملکتی وزیر مرلی دھر موہوڑ نے تردید کی ہے۔وہ کل سانگلی میں صحیفہ نگاروں سے گفتگو کر رہے تھے۔اٹلی کے ایک روزنامے نے دعویٰ کیا ہے کہ اس طیارہ حادثے کی تحقیقات کرنے والے ادارے نے حادثے کا ذمہ دار پائلٹ کو قرار دیا ہے تاہم موہوڑ نے کہا ہے کہ اس حادثے کی تحقیقات ہنوز مکمل نہیں ہوئی ہے اس لیے بیرون ملک ذرائع کی خبروں پر یقین نہ کیا جائے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

کل ہند سرپنچ کونسل نے 20 ؍ فروری کو ایک روزہ علامتی ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔کونسل کے بانی چیئرمین جیئنت پاٹل نے کل ناسک میں یہ اعلان کیا۔انہوں نے کہا کہ ریاست کی 16 ؍ ہزار سے زائد گرام پنچایتوں کی مدت ختم ہورہی ہے۔اور وہاں ایڈمنسٹریٹرز کے تقرر سے ''مکھیہ منتری سمردھ پنچایت راج ابھیان'' متاثر ہورہا ہے۔پاٹل نے مطالبہ کیا کہ حکومت حکمنامہ جاری کر کے قانون وضع کر کے موجودہ سرپنچوں ہی کو ایڈمنسٹریٹر مقرر کرے۔

***** ***** *****

ریاستی مراٹھی زبان محکمے کی جانب سے چوتھا وشو مراٹھی سمیلن 27، 28 فروری اور یکم مارچ کو ناسک میں منعقد ہوگا۔مراٹھی زبان کے وزیر ادے سامنت نے کل اس سمیلن کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔اس سمیلن میں 35 ؍ افراد کو ساہتیہ بھوشن ایوارڈ دیا جائے گا۔

***** ***** *****

مہاشیوراتری کا تہوار کل نہایت جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ملک ے بارہ جیوترلنگ مقامات سمیت متعدد قدیم شیومندروں میں خصوصی پوجا اور رودرابھیشیک کیا گیا۔چھترپتی سمبھاجی نگر کے کھڑکیشور کے مہادیو مندر میں عقیدت مندوں کی سہولت کے لیے بہترین انتظامات کئے گئے تھے۔ہنگولی ضلع کے اونڈھا ناگناتھ میں ضلع انتظامیہ اور مندر ٹرسٹ کی جانب سے 160 ڈرونز کے ذریعے ایک شاندار لیزر شو کیا گیا جسے دیکھ کر عقیدت مندوں نے بے حد مسرت کا اظہار کیا۔

***** ***** *****

سنت سیوالال مہاراج کی جینتی کل ریاست بھر میں منائی گئی۔اس ضمن میں ریاست بھر میں مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے سیوالال مہاراج کو خراج عقیدت پیش کیا۔اس حوالے سے واشم کے سرکاری میڈیکل کالج و اسپتال کا نام اب سنت سیوالال مہاراج سرکاری میڈیکل کالج کر دیا گیا ہے۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن میں میئر سمیر راجور کر نیا ور پربھنی میں نائب تحصیلدار پرشانت واکوڑ کر نے کلکٹر آفس میں سیوالال مہاراج کی شبیہ پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔

***** ***** *****

آکاشوانی بیڑ مرکز میں کل ''ریڈیو کسان دن'' منایا گیا۔اس موقع پر بیڑ کے تحصیلدار چندرکانت شیڑ کے نے کہا کہ کسانوں کو چاہئے کہ آکاشوانی کے کسان وانی پروگرام کے ذریعے حکومت کی مختلف اسکیمات کی معلومات حاصل کر کے اپنی کھیتی کے لیے نئی نئی ٹیکنالوجی کا استعمال کریں۔

***** ***** *****

ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل بھارت نے پاکستان کو 61 رنوں سے شکست دے دی اور سوپر۔8 مرحلے میں داخل ہو گیا۔کولمبو میں کھیلے گئے اس میچ میں بھارت نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 7 وکٹ پر 175 رنز بنائے۔ جواب میں پاکستانی ٹیم 114 رنوں پر ہی آوٹ ہو گئی۔ جسپریت بھمراہ، اکشر پٹیل، ورون چکرورتی اور ہاردک پانڈیہ نے 2-2 اور کلدیپ یادو اور تلک ورما نے ایک ایک وکٹ لیا۔ 40 گیندوں میں 77 رنز بنانے والے ایشان کشن کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

کل کے دوسرے میچوں میں ویسٹ انڈیز نے نیپال کو نو وکٹ سے اور امریکہ نے نمیبیا کو 31 رنوں سے شکست دے دی۔ٹورنامنٹ میں آج افغانستان کا مقابلہ متحدہ عرب امارات سے، انگلینڈ کا مقابلہ اٹلی سے اور آسٹریلیا کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔

***** ***** *****

خواتین کرکٹ میں بھارت اور آسٹریلیا کے مابین تین ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں کل بھارت نے ڈک ورتھ لوئس میتھڈ کی بنیاد پر 9 وکٹ سے فتح حاصل کی۔آسٹریلیا نے بھارت کو 134 رنوں کا ہدف دیا تھا لیکن بھارت نے 5.1 اوور میں ایک وکٹ کے نقصان پر 50 رنز بنائے تھے تب بارش کے باعث کھیل روک دیا گیا اور ڈک ورتھ لوئس میتھڈ کی بنیاد پر بھارت کو فاتح قرار دیا گیا۔

***** ***** *****

ہنگولی میں منعقدہ کل ہند ہاکی ٹورنامنٹ میں ممبئی پولس نے جیت درج کی ہے۔کل کھیلے گئے فائنل میں ممبئی پولس نے اٹارسی کی ٹیم کو 1-3 سے شکست دی۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ سیاسی استحکام کے باعث سرمایہ کاروں کے بھارت پر اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔وزیر اعظم کا اظہار خیال

☆ ایوت محل اور اہلیہ نگر اضلاع میں انسداد دہشت گردی اسکواڈ کے چھاپے۔متعدد مشکوک افراد حراست میں

☆ کل ہند سرپنچ کونسل کا 20 / فروری کو علامتی ہڑتال کا انتباہ

☆ مہا شیوراتری تہوار عقیدت کے ساتھ منایا گیا۔اونڈھا میں چشم کشا لائٹ شو

اور۔۔۔☆ ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں پاکستان کو 61 / رنوں سے شکست دے کر بھارت سوپر۔8 میں داخل

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****